**14.11.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

..........................................................................

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کا کہنا ہے کہ ملک صحیح معنوں میں اُس وقت ترقی یافتہ ہوگا جب قبائلی لوگ ترقی یافتہ ہوں گے۔ انھوں نے جن جاتیہ گورو دِوَس پر عوام مبارکباد دی ہے۔

☆ وزیر اعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی نے یقین دلایا ہے کہ مہاراشٹر کی ترقی NDA اور مہایوتی سرکاروں کی ترجیح ہے۔ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے BJP لیڈروں پر مہاراشٹر کے لوگوں کے ساتھ جھوٹے وعدے کرنے کا الزام لگایا ہے۔

☆ سینئر BJP لیڈر امت شاہ اور یوگی آدتیہ ناتھ، سینئر JMM لیڈر ہیمنت سورین اور RJD لیڈر تیجسوی پرساد یادو نے جھارکھنڈ میں انتخابی ریلیاں کیں۔

☆ نئی دلّی کا کہنا ہے کہ بھارتی ایجنسیاں حال ہی میں کناڈا میں گرفتار کئے گئے نامزد دہشت گرد Arsh Dalla کی حوالگی کی درخواست کی پیروی کریں گی۔

☆ سری لنکا میں پارلیمانی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔

☆ اور ہاکی میں، بھارت نے بہار کے راجگیر میں خواتین ایشیائی چمپئن شپ میں تھائی لینڈ کو 13-صفر سے شکست دی ہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Prez JGD Address*

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کا کہنا ہے کہ ملک صحیح معنوں میں اُس وقت ترقی یافتہ ہوگا جب قبائلی لوگ ترقی یافتہ ہوں گے۔ انھوں نے جن جاتیہ گورو دِوَس پر عوام مبارکباد دی ہے۔ آج شام جن جاتیہ گورو دِوَس کے موقع پر ملک سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ ملک چاہتا ہے کہ صدیوں پرانی قبائلی برادریوں کی شناخت بنی رہے اور اس کے ساتھ ساتھ وہ جدید ترقی کی راہ پر آگے بڑھنا جاری رکھیں۔

S/B 2100 Prez Murmu-1

صدر جمہوریہ نے کہا کہ قبائلی برادریوں کے فائدے کیلئے خصوصی اسکیمیں چلائی جارہی ہیں اور اِس بات کو

یقینی بنایا جارہا ہے کہ اہم قومی اسکیموں کے فائدے صحیح وقت پر تمام قبائلیوں تک پہنچے۔

صدر جمہوریہ نے کہا کہ پچھلے سال جن جاتیہ گورو دِوَس پر وزیر اعظم نریندر مودی کے ذریعے شروع کئے گئے PM جن من ابھیان کا مقصد، مخصوص طور پر کمزور قبائلی گروپ PVTG برادریوں کی جامع ترقی کرنا ہے۔

S/B 2100 Prez PMJANMAN Final

صدر مرمو نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ اِس سال بابائے قوم مہاتما گاندھی کے یومِ پیدائش پر مرکزی سرکار نے بھگوان برسا مُنڈا کی سرزمین سے دھرتی Aaba جن جاتی گرام اُتکرش ابھیان شروع کی ہے۔ انھوں نے زور دیا کہ اِس مہم کا مقصد اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ہر قبائلی فرد کو سرکاری اسکیموں کا فائدہ پہنچے۔ اِس مہم کیلئے 80 ہزار کروڑ روپئے مختص کئے گئے ہیں۔ پانچ کروڑ سے زیادہ قبائلی افراد اِس ملک گیر مہم سے مستفید ہوں گے۔صدر جمہوریہ نے کہا کہ 2047 تک ایک ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر کے ہدف کے تحت قبائلی سماج کو قلتِ دم کی بیماری سے پاک کرانے کا ہدف ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ اہم بات ہے کہ پچھلی دہائی کے دوران درجِ فہرست قبائلیوں کیلئے ترقیاتی ایکشن پلان کے فنڈ میں کئی گنا اضافہ کیا گیا ہے۔جن جاتیہ گورو دِوس پر عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے محترمہ مرمو نے کہا کہ ملک دھرتی Aaba بھگوان برسا منڈا کے 150ویں یوم پیدائش کیلئے سال بھر طویل تقریبات شروع کر رہا ہے۔ عوام کی طرف سے انھوں نے بھگوان برسا منڈا کو خراج عقیدت پیش کیا۔x

## *PM-Janjatiya Gaurav Divas*

وزیر اعظم نریندر مودی کل ''جن جاتیہ گورَو دیوَس'' کے موقع پر بہار میں جموئی کا دورہ کریں گے، جہاں وہ قبائلی امور کی وزارت کے زیر اہتمام منعقد کیے جانے والی ''جن جاتیہ گورَو دیوس'' کی تقریب میں شرکت کریں گے۔ یہ تقریب، دھرتی آبا بھگوان بِرسا مُنڈا کے 150 ویں یوم پیدائش کی تقریبات کے آغاز کے موقع پر منعقد کی جا رہی ہے۔ جناب مودی کل صبح بھگوان برسا منڈا کے اعزاز میں ایک یادگاری سکّہ اور ایک ڈاک ٹکٹ جاری کریں گے۔ وہ 6 ہزار 640 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح بھی کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے، تاکہ قبائلی برادریوں کی ترقی اور خطّے کے دور دراز کے دیہی علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا جا سکے۔

آکاشوانی دلّی کل اپنے ایف ایم گولڈ اور اندرپرستھ چینلوں پر دن میں ساڑھے گیارہ بجے سے اس تقریب کو براہِ راست نشر کرے گا۔x

## *Maharashtra Assembly Polls*

مہاراشٹر میں سیاسی سرگرمیاں بڑھ رہی ہیں کیونکہ اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم میں تیزی آگئی ہے۔ تمام اہم سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما اپنے اپنے امیدواروں کی حمایت میں انتخابی مہم چلا رہے ہیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے مراٹھواڑہ کے چھترپتی سامبھا جی نگر ضلع میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا اور کہا کہ مہاراشٹر کو وکست بھارت کی طرف ملک کی راہ میں آگے آگے رہنما چاہئے۔ انھوں نے کہا کہ اِس وژن کے حصے کے طور پر ریاست میں فی الحال کئی جدید بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹ چل رہے ہیں۔

S/B 2100 PM Marathwada KAPAS

پنویل میں ایک اور ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ مہاراشٹر کی ترقی مرکز میں NDA سرکار اور ریاست میں مہایوتی سرکار کی ترجیح ہے۔ انھوں نے کہا کہ ڈبل انجن کی سرکار مہاراشٹر کے درخشاں مستقبل کیلئے دن رات کام کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ مہایوتی سرکار کی پالیسیوں نے کمزور اور محروم لوگوں کو بااختیار بنایا ہے۔دوسری طرف کانگریس لیڈر اور لوک سبھا میں اپوزیشن کے رہنما راہل گاندھی نے قبائلی برادری کو نظرانداز کرنے پر NDA سرکار کی نکتہ چینی کی۔ ناندیڑ اور Nandurbar اضلاع میں ریلیوں سے خطاب کرتے ہوئے راہل گاندھی نے دعویٰ کیا کہ BJP زمین، پانی اور جنگل کے حق سے قبائلی برادری کو محروم کرنا چاہتی ہے۔انھوں نے کہا کہ کانگریس آئین اور ریزرویشن کے حقوق کے تحفظ کے تئیں عہد بند ہے۔

S/B Rahul Gandhi

کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے Igatpuri میں ایک ریلی سے خطاب کیا جبکہ شیوسینا UBT کے سربراہ نے Ahilya نگر ضلع کے Shrigonda میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کیا۔ رتنا گیری ضلع کے Dapoli میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے شیوسینا UBT کے لیڈر آدتیہ ٹھاکرے نے بے روزگاری کا معاملہ اٹھایا۔ انھوں نے کہا کہ مہاوِکاس اَگھاڑی، نوجوانوں کو بے روزگاری بھتہ دے گی۔ کسانوں کے قرضے معاف کرے گی اور خواتین کو تین ہزار روپئے ماہانہ بھتہ دے گی۔x

## *Rev. Jharkhand Campaigning.*

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے انتخابی مہم عروج پر ہے۔ NDA اور آئی این ڈی آئی اے بلاک، دونوں کے رہنما اپنے اپنے پارٹی امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی غرض سے ایک دوسرے پر الزام لگا رہے ہیں۔گریڈیہہ، بوکارو اور Gandey میں انتخابی جلسوں سے خطاب کرتے ہوئے سینئر BJP لیڈر اور وزیر داخلہ امت شاہ نے ہیمنت سورین سرکار پر بنگلہ دیشی دراندازوں کو تحفظ فراہم کرنے کا الزام لگایا۔

S/B 2100 Amit Shah

جناب شاہ نے عوام سے وعدہ کیا کہ اگر BJP اقتدار میں آئے گی تو دراندازوں کو باہر نکالنے کیلئے قانون بنائے گی۔سینئر BJP لیڈر اور اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے دھنباد میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔

دوسری طرف سینئر JMM لیڈر اور وزیراعلیٰ ہیمنت سورین نے دُمکا میں انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جھارکھنڈ کی پسماندگی کیلئے BJP کو موردِ الزام ٹھہرایا۔

S/B 2100 Hemant Soren Dumka JH

جام تارا میں انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے سینئر RJD لیڈر تیجسوی پرتاپ یادو نے کہا کہ سیاسی پارٹیوں کو معاملے پر مبنی اور مثبت سیاست اختیار کرنی چاہیئے۔ کانگریس، AJSU اور بائیں بازو کی پارٹیوں کے رہنماؤں نے بھی ریاست کے مختلف حصوں میں ریلیاں اور روڈ شو کیئے۔

دوسرے مرحلے کی پولنگ 20 نومبر کو ہوگی اور ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔x

### Karamyogi Saptah

عملے، عوامی شکایات اور پنشن سے متعلق امور کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ سیکھنے سکھانے سے متعلق قومی ہفتہ ''کرم یوگی سپتاہ'' حیرت انگیز رہا ہے اور اس نے پورے ملک کے کرم یوگیوں کو آپس میں یکجا کر دیا ہے اور وہ صلاحیت سازی اور مسلسل علم حاصل کرنے اور سیکھنے سکھانے کے جذبے میں متحد ہو گئے ہیں۔آج نئی دلّی میں کرم یوگی سپتاہ کی الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ سیکھنے سکھانے سے متعلق قومی ہفتہ کا تصور وزیر اعظم نریندر مودی نے پیش کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ سیکھنے سکھانے کا عمل مسلسل جاری رہنا چاہیے۔ صلاحیت سازی کمیشن کے چیئرمین عادل زینٔل بھائی نے کہا کہ GOT نے پلیٹ فارم پر ویبینارس، ورک شاپس، اہلیت و استعداد سے منسلک سیکھنے سکھانے کے عمل کے ذریعہ، افرادی قوت نے تا عمر علم حاصل کرنے کا عزم کیا ہے۔×

### Mizoram - DoNER Minister

میزورم میں، شمال مشرقی خطّے کی ترقی DoNER کے مرکزی وزیر جیوتر آدتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں گزشتہ دہائی میں شمال مشرقی خطّے میں زبردست ترقی ہوئی ہے۔ آج Aizawl میں میڈیا کے افراد سے گفتگو کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے کہا کہ NDA حکومت نے شمال مشرق کی کایا پلٹ کر کے، اسے بھارتی معیشت کی ترقی میں قائدانہ کردار ادا کرنے والا خطّہ بنانے پر توجہ مرکوز کر رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شمال مشرقی خطّہ، سبھی جنوب مشرقی ایشیائی ملکوں کے بھارتی برِ صغیر میں داخل ہونے کا مقام ہے، اس لیے شمال مشرق کو، بھارت کی ترقی کے محرکات میں ایک اہم کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آج شمال مشرق میں 17 ہوائی اڈّے ہیں اور مستقبل قریب میں خطّے کی سبھی ریاستوں کو ریلویز کے ذریعہ مربوط کر دیا جائے گا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ میزورم میں، سیاحت، جنگلی حیات، کھیل کود، بانس، باغبانی اور زراعت، پن بجلی، ٹیلی کام اور دیگر بہت سے شعبوں میں زبردست ترقی کے امکانات موجود ہیں۔ وہ DoNER کی اسکیموں کے، ریاست میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا جائزہ لینے کی غرض سے، آج ایک روزہ دورے پر Aizawl پہنچے ہیں۔×

### VP Pushkar Visit

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ اِس ملک کے کسانوں کو کوئی بھی نہیں بانٹ سکتا اور کسان طبقے کا اتحاد قوم پرستی کیلئے بہتر ہے۔ جناب دھنکھڑ آج اجمیر کے نزدیک پشکر میں 105ویں قومی جاٹ کنونشن سے خطاب کر رہے تھے۔ نائب صدر جمہوریہ نے کسانوں سے اپیل کی کہ وہ نوجوان نسل میں اخلاقی اقدار پیدا کریں اور اُنھیں صحیح راستہ دکھائیں۔x

### UP UPPSC Exam One Day

اترپردیش پبلک سروس کمیشن نے PCS کا Preliminary امتحان ایک ہی شفٹ میں کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے پریاگ راج میں طلبا کی مانگ کا نوٹس لیتے ہوئے کمیشن سے کہا ہے

کہ وہ PCS Preliminary امتحان 2024 ایک ہی دن میں کرانے کیلئے طلبا کے ساتھ بات چیت اور اُن سے تال میل کرکے ضروری فیصلہ کرے۔کمیشن نے RO-ARO Prelims امتحان 2023 کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ کمیٹی تمام پہلوؤں کا جائزہ لے گی اور جلد ہی ایک تفصیلی رپورٹ پیش کرے گی۔ ریویو آفیسر اور اسسٹنٹ ریویو آفیسر کیلئے 23 اور 24 دسمبر کو تین شفٹوں میں ہونے والے تقرری امتحان بھی منسوخ کردیا گیا ہے۔x

## MEA-Extradition

وزارت خارجہ نے آج کہا ہے کہ بھارتی ایجنسیاں، نامزد دہشت گرد اَرش سِنگھ گِل عرف اَرش ڈلاّ کی حوالگی کی درخواست کی پیروی کریں گے، جس نے حال ہی میں کینیڈا میں گرفتار کیا گیا ہے۔ ارش ڈلاّ، خالصتان ٹائیگر فورس کا عملاً سربراہ ہے۔ کینیڈا میں اس کی گرفتاری کے حوالے سے میڈیا کے سوالوں کے جواب میں، وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت میں ارش ڈلاّ کے مجرمانہ ریکارڈ اور کینیڈا میں اُس کے اسی طرح کی غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے مدِّنظر، امکان ہے کہ اُسے بھارت کے حوالے کر دیا جائے گا۔ ترجمان نے کہا کہ انہوں نے اشتہاری ملزم کی کینیڈا میں گرفتاری کے بارے میں میڈیا میں دس نومبر سے شائع ہونے والی خبروں کو دیکھا ہے۔ارش ڈلاّ کو، قتل، اقدام قتل، جبری وصولی اور دہشت گردی کے لیے فنڈ کی فراہمی سمیت دہشت گردانہ کارروائیوں کے 50 سے زیادہ کیسوں میں اشتہاری ملزم قرار دیا گیا ہے۔ اس کے خلاف مئی 2022 میں ایک ریڈ کارنر نوٹس جاری کیا گیا تھا۔ اُسے بھارت میں 2023 میں ایک فرد واحد دہشت گرد کے طور پر نامزد کیا گیا تھا۔x

## Sri Lanka Polling

سری لنکا میں پارلیمانی انتخابات 65 فیصد پولنگ کے ساتھ اختتام پذیر ہو گئے ہیں۔ ووٹنگ پُر امن طریقے سے ہوئی اور کسی طرح کا کوئی ناخوشگوار واقعہ بھی درج نہیں کیا گیا۔ سبھی پولنگ مراکز پر ووٹوں کی گنتی جاری ہے جبکہ آج رات تک پوسٹل بیلٹس کے نتیجے کا اعلان ہونے کی توقع ہے۔مزید تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے

پارلیمانی انتخابات کے کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہونے کے بعد ووٹوں کی گنتی شروع ہوگئی ہے اور اس کی شروعات پوسٹل بیلٹس سے کی جا رہی ہے۔ انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ پوسٹل ووٹوں کے نتائج کا اعلان آج رات تک ہوگا جبکہ حتمی نتائج کا اعلان کل کیا جائے گا۔ سری لنکا کے پارلیمانی انتخابات، جس میں متناسب نمائندگی کے ماڈل پر عمل کیا گیا ہے، آٹھ ہزار 800 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے، جو 225 رکنی پارلیمنٹ میں جگہ بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اپنا ووٹ دینے کے بعد صدر نے کہا کہ ان کی پارٹی کے جیتنے کے قوی امکان ہیں۔ اِن انتخابات پر بحران سے دوچار جزیرائی ملک کا مستقبل منحصر کرتا ہے، اسی لیے صدر Dissanayake کا مقصد پارلیمانی اکثریت حاصل کرنا ہے تاکہ وہ اپنے اصلاحی منصوبوں کو نافذ کرسکیں۔x

## Bangladesh Mohd Yunus

بنگلہ دیش میں، نوبیل انعام یافتہ محمد یونس کی قیادت والی عبوری حکومت نے ملک میں 90 فیصد مسلم آبادی کا

حوالہ دیتے ہوئے، بنگلہ دیش کے آئین سے ''سیکولرازم'' کو ہٹانے پر زور دیا ہے۔ بنگلہ دیش کے اٹارنی جنرل محمد اسد الزماں نے بدھ کو پندرہویں آئینی ترمیم کے قانونی جواز کے بارے میں ہائی کورٹ میں سماعت کے دوران دلیل دی کہ ''سیکولرازم'' بنگلہ دیش کی حقیقتوں کی عکاسی نہیں کرتا، جہاں 90 فیصد آبادی مسلمان ہے۔ اٹارنی جنرل نے دیگر کلیدی قانونی شقوں کو ہٹانے پر بھی زور دیا ہے، جن میں سوشل ازم ''بنگالی قوم پرستی'' اور بنگ بندھو شیخ مجیب الرحمٰن کو ''بابائے قوم'' کا خطاب سے نوازنا شامل ہیں۔×

## CAQM Delhi Air Pollution

ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن - CAQM نے دلّی-قومی راجدھانی خطّے-NCR میں ہوا کے معیار کو مزید خراب ہونے سے بچانے کے مقصد سے، مرحلہ ایک اور مرحلہ دو کے تحت سبھی اقدامات کے ساتھ ساتھ کل صبح آٹھ بجے سے GRAP کا تیسرا مرحلہ بھی نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

دلّی-NCR میں ہوا کے خراب ہوتے معیار کے پیش نظر، گریڈڈ ریسپانس ایکشن پلان کو عملی طور پر انجام دینے سے متعلق ذیلی کمیٹی کی آج میٹنگ ہوئی۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ GRAP کے تیسرے مرحلے کے مطابق ایک گیارہ نکاتی عملی منصوبہ، کل سے پورے NCR میں نافذ ہو جائے گا۔×

## Hockey

بہار میں جاری، خواتین کی ایشیائی ہاکی چیمپئنز ٹرافی میں، آج شام Rajgir کے مقام پر بھارت نے اپنے تیسرے میچ میں تھائی لینڈ کو 13-صفر سے کراری شکست دی۔ دیپیکا نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے پانچ گول کیے، جبکہ پریتی دوبے، LALREMSIAMI اور منیشا چوہان نے دو-دو گول کیے۔ یہ بھارت کی مسلسل تیسری جیت تھی۔ اپنے پہلے میچ میں بھارت نے ملیشیا کو چار صفر سے، جبکہ دوسرے میچ میں جنوبی کوریا کو تین-دو سے ہرایا تھا۔ اب اگلے میچ میں بھارت کا سامنا چین سے ہوگا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆